37635-نمازعیدین کے لیے اعلان کرنا

سوال

نمازعیدالفطراورعیدالاضحی میں نمازسے قبل مسلمانوں کوجمع ہونے کی دعوت دینےاورانہیں یہ سمجھانے کے لیے کہ نمازعیدواجب ہے اوراس میں چھ تکبیریں ہونگی اس عمل کے لیے سپیکراستعمال کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تو یہی ہے کہ نہ تونمازعیدالفطراورنہ ہی نمازعیدالاضحی سے قبل نمازیوں کی حاضری کے لیے اعلان کیا جائے، اورنہ ہی انہیں نماز کا حکم سمجھانے کے لیے، اورایسا نہیں کرنا چاہیے، نہ توسپیکرمیں اورنہ ہی بغیر سپیکر کے؛ کیونکہ الحمدللہ ان دونوں نمازوں کا وقت معلوم ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

.{یقیناتمہارے لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں بہترین نمونہ موجود ہے، ہراس شخص کے لیے جواللہ تعالی کی اوریوم آخرت کی توقع رکھتا ہے، اور بکثرت اللہ تعالی کی یاد کرتا ہے}. الاحزاب (21).

حکمران اورذمہ داران علماء کرام کوچاہیے کہ وہ مسلمانوں کے سامنے عید کے روز سے قبل اس کا حکم بیان کریں، اورانہیں نمازعید کی کیفیت بتائیں، اورانہیں نمازعید سے قبل اوربعد میں کیا کرنا ہے یہ سب کچھ مسلمانوں کے سامنے رکھیں، تاکہ وہ نمازعید کے لیے وقت سے قبل عیدگاہ میں حاضر ہونے کی تیاری کریں، اورنمازعید شرعی طریقہ پرادا کریں.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.